Volume V
No. 7

SP. V-7-76 (E)
300

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

**Monday, the 28th June, 1976**

CONTENTS

| | Pages |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... | 83 |
| Resolution *Re* : Uniform law regulating standards of service and amenities for tourists in hotels and restaurants of Baluchistan—*Adopted* ... ... ... | 83 |
| The Auqaf (Federal Control) Bill, 1975—*Introduced* ... ... | 84 |
| Motion *Re* : Dispensing with rule 82 in respect of the Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—*Adopted* ... ... | 85 |
| Motion *Re* : Dispensing with rule 83 in respect of the Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—*Adopted* ... ... | 86 |
| The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—*Considered* ... ... | 87 |

PRINTED AT THE MACLAGAN PRESS, CHURCH ROAD, LAHORE

PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

*Price : Paisa 50*

## SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Monday, June 28, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past five of the clock in the morning, (Mr. Chairman Mr. Habib Ullah Khan) in the Chair.

---

(*Recitation from the Holy Quran*).

---

### STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Questions.

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Sir, there is a question relating to the Commerce Minister, and as I have not received the complete brief, so the question may be deferred. We can take it up tomorrow.

**Mr. Chairman :** There is only one question.

**Malik Mohammad Akhtar :** It may be deferred, Sir.

**Mr. Chairman :** You have not received the brief.

**Malik Mohammad Akhtar :** Not the complete brief, Sir.

**Mr. Chairman :** Khawaja Safdar, should it be postponed ?

**خواجہ محمد صفدر :** کوئی حرج نہیں ۔

**Mr. Chairman :** All right, the question stands deferred to some other day.

Now, we take up legislative business.

---

### RESOLUTION *Re*: UNIFORM LAW REGULATING STANDARDS OF SERVICE AND AMENITIES FOR TOURISTS IN HOTELS AND RESTAURANTS OF BALUCHISTAN

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the resolution was moved and a point of order was raised by Khawaja Sahib. I have requested that since

[Malik Mohammad Akhtar]

all the three Provincial Assemblies and the National Assembly have adopted the resolution he may kindly not press his point of order, and he has agreed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I do not press it.

**Mr. Chairman :** It is very difficult to resist a personal request, and particularly in the name of friendship.

**خواجہ محمد صفدر :** کولیگ ہونے کی حیثیت سے بھی اگر دوست کوئی بات کہیں تو ماننا پڑتا ہے - وزیر محترم میرے دوست بھی ہیں اور میرے ساتھی بھی رہے ہیں -

**Mr. Chairman :** All right, then I will put the question, because it has already been moved. The motion was moved.

So, the question before the House is that :

"WHEREAS, by virtue of the declaration made in the Proclamation issued by the President under Article 234 of the Constitution on the 31st December, 1975, in respect of the Province of Baluchistan, the powers of the Provincial Assembly of that Province are exercisable by, or under the authority of, Parliament ;

AND WHEREAS the Senate is of the considered view that it would be in the national interest to have a uniform law for the whole of Pakistan in respect of the standards of service and amenities for tourists in hotels and restaurants ;

NOW, THEREFORE, the Senate, in pursuance of Article 144 of the Constitution, read with paragraph (b) of clause (1) of Article 234 thereof, hereby resolves, that Parliament may by law regulate the matter relating to the standards of service and amenities for tourists in hotels and restaurants."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The resolution stands adopted unanimously.

Maulana Sahib, now it is your turn.

## THE AUQAF (FEDERAL CONTROL) BILL, 1975

**Maulana Kausar Niazi** (Minister for Religious Affairs, Minority Affairs and Overseas Pakistanis : Sir, I beg to introduce the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976].

**Mr. Chairman :** The Bill stands introduced.

**Malik Mohammad Akhtar :** Items No. 5 and 6 will now be taken up.

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب آپ آئیٹم نمبر ۵ موو کریں ۔

## MOTION *Re* : DISPENSING WITH RULE 82 IN RESPECT OF THE AUQAF (FEDERAL CONTROL) BILL, 1976

**Maulana Kausar Niazi :** Sir, I beg to move :

> "That the requirement of rule 82 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976], be dispensed with."

**Mr. Chairman :** The motion made is :

> "That the requirement of rule 82 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976], be dispensed with".

**Maulana Kausar Niazi :** Sir, I beg to move :

> "That the requirement of sub-rule (2) ....."

**جناب چیئرمین :** میں صرف اتنی اطلاع آپ کو دیئے دیتا ہوں ۔ آپ کی خواہش ہے کہ بل کو introduce کر کے اس کو explain کریں ، اس کی وضاحت کریں وہ تو ٹھیک ہے لیکن اس کا actual پاس کرنا ، وہ تو میرے خیال میں ملک صاحب آپ کے بعد میں بھی کر سکیں گے ۔ کہ نہیں ؟ آپ مصر ہیں کہ آج ہی پاس ہو جائے ۔

**مولانا کوثر نیازی :** میں اس پر مصر نہیں ۔ مگر سوال یہ ہے کہ ایوان کو اگر منظور ہو تو اس میں پھر تاخیر کی کیا ضرورت ہے ؟

**جناب چیئرمین :** دیکھئیے ۔ اپوزیشن نے مجھ سے یہ شکایت کی ہے کہ ان کو یہ بل آج ہی دیا گیا ۔ آپ اسٹینڈنگ کمیٹی کو بھی نہیں بھیجتے پھر آج ہی پاس کراتے ہیں ۔

**مولانا کوثر نیازی :** مجھے اس پر کوئی تامل نہیں ۔

جناب چیئرمین : لیکن ساڑھے چھ بجے تو میں committed ہوں ۔ پارلیمنٹ میں جانے کے لیے ہاؤس ایڈجرن کر دوں گا ۔ ایسا ہو سکتا ہے کہ آپ کا مقصد بھی حاصل ہو جائے ، آپ introduce کریں ، تقریر کریں ، سب کچھ کریں لیکن actual passage میں تو کوئی تکلیف نہیں ہوگی ۔ صرف دو تین دن بعد میں آ جائے گا ۔

مولانا کوثر نیازی : ٹھیک ہے ، جناب ۔

جناب چیئرمین : پھر آپ ۶ کو موو کریں ۔

## MOTION *Re* : DISPENSING WITH SUB-RULE (2) OF RULE 83 IN RESPECT OF THE AUQAF (FEDERAL CONTROL) BILL, 1976

**Maulana Kausar Niazi :** Sir, I beg to move :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976] be also dispensed with."

**Mr. Chairman :** Yes, the motion made is :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976] be also dispensed with".

Yes !

پہلے ان کا question put کرنا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! آپ سوال ایوان کے سامنے پیش کریں ۔

جناب چیئرمین : یہی تو میں کہتا ہوں کہ میں question put کرتا ہوں پھر ہم پوچھ لیں گے ۔

Now, I will put the question.

پہلے رول ۸۲ اور پھر رول ۸۳ ۔

The question before the House is :

"That the requirement of rule 82 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976], be dispensed with".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The motion is carried.

Now, the question before the House is :

> "That the requirement of sub-rule (2) or rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976], de also dispensed with".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** This motion is also unanimously carried.

Yes !

THE AUQAF (FEDERAL CONTROL) BILL, 1976

**Maulana Kausar Niazi :** Sir, I beg to move :

> "That the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976], be taken into consideration at once".

**Mr. Chairman :** Yes, the motion made is :

> "That the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal control [The Auqaf Federal Control) Bill, 1976], be taken into consideration at once".

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں اپنی ترمیم کو پیش نہیں کروں گا۔ لیکن میں اس بل کی مخالفت کروں گا۔

**جناب چیئرمین :** وہ کہتے ہیں کہ آج بحث نہ ہو۔ میں اپوز کرتا ہوں آپ کچھ فرمائیے۔

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! یہ بل جو اس وقت سینٹ میں پیش کیا گیا ہے ہمارے ملک میں دینی اور اصلاحی سرگرمیوں کو منظم اور مربوط کرنے کے لیے ایک نہایت عملی قدم ہے۔ یہ ملک میں پائی جانے والی املاک سے متعلق ہے۔ وقف عربی زبان میں کسی چیز کو ایک جگہ ٹھہرا دینے ، کھڑا کرنے یا ہونے کو کہتے ہیں ، لیکن اسلامی اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ منقولہ یا غیرمنقولہ جائیداد کو خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے خیراتی کاموں میں لگا دیا جائے۔ اس سلسلے میں شریعت میں بہت واضح احکام ہیں اور ان میں سے ایک اہم تر یہ بھی ہے کہ وقف کو کسی صورت میں واقف کی وصیت اور اس کی مرضی کے خلاف خرچ نہ کیا جائے۔ وقف کا سلسلہ خود عہد رسالت سے شروع ہوا ہے اور ایسی مستند روایات موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ خود عہد رسالت میں اصحابہ کرام نے حضور

[Maulana Kausar Niazi]

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے اپنی بعض املاک کو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے وقف کیا ۔ اس سلسلے میں تاریخ اسلام میں دو واقعات عہد رسالت میں بہت مشہور ہیں ۔ ان میں سے ایک بنو عزیز کا ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد بنانے کے لیے کچھ زمین کی ضرورت پڑی جو بنو عزیز کی ملکیت تھی تو اس قبیلے نے زمین کی قیمت لینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ ہم اس کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مسجد کے لیے وقف کرتے ہیں ۔ چنانچہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشنودی کا اظہار کیا اور یہ پہلا وقف تھا جو کہ عہد رسالت میں قائم ہوا ۔ پھر حضرت عمر فاروق نے خیبر میں کچھ زمین خریدی اور یہ چاہا کہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خیراتی کاموں کے لیے پیش کر دیں ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی بہتر صورت یہ ہے کہ اس زمین کو جوں کا توں رہنے دیا جائے ۔ اس کو فروخت نہ کیا جائے اور اس کی جو آمدنی ہو اس کو نیک کاموں پر غریبوں اور یتیموں کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے ۔ چنانچہ حضرت عمر فاروق نے ان شرائط کے ساتھ کہ نہ تو اس زمین کو بیچا جا سکے گا اور نہ اس کی آمدنی کو نہ وہ اور نہ ان کے خاندان والے اپنے ذاتی مقاصد کے لیے استعمال کر سکیں گے ۔ اس زمین کی آمدنی کو خالصتاً فلاحی اور خیراتی کاموں کے لیے وقف کر دیا ۔ اس وقت سے لے کر آج تک مسلمانوں کے اندر اوقاف کا سلسلہ چلا آ رہا ہے ۔

خلافت راشدہ کے اندر اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں ۔ خلافت راشدہ کے بعد عرب ، سپین اور مصر میں خاص طور پر اوقاف کو منظم و مربوط کیا گیا اور مسلمان حکومتوں کے زیر اہتمام ہر مسلمان حکومت کے زیر اہتمام ایک شعبہ قائم کیا گیا ہے جس کا نام شعبہ 'عدل و اوقاف' تھا اور اس کی قیادت اس وقت کے چیف جسٹس کے سپرد ہوتی تھی اس طرح مسلمان نیک کاموں کے لیے جو جائیداد اور رقم وقف کرتے تھے وہ نیک کاموں پر خرچ ہوتی تھی مغل پیریڈ میں بھی اوقاف کا سلسلہ قائم رہا ۔ اکبر سے لے کر اورنگ زیب تک وقف کے سلسلے میں ہمیں بہت سی روشن مثالیں ملتی ہیں ۔ اس زمانے کی تاریخ میں یہ پایا جاتا ہے کہ اس دور کے صدرالصدور اوقاف کے ناظم اعلیٰ ہوتے تھے ۔ مغل حکومت وقف کرنے والوں کی خواہشات کے مطابق اس کی آمدنی کو خرچ کرتی تھی ۔ انگریزوں کے زمانے میں بھی آپ کو یاد ہوگا اور ایوان کے اراکین بھی جانتے ہوں گے کہ جب انگریز نے یہ چاہا کہ اوقاف کے شعبے میں دخل اندازی کرے جس کا نام وقف اولاد تھا جس کی رو سے وقف کرنے والے اپنی اولاد کے لیے کچھ اخراجات اور کچھ آمدنی وقف کرتا تھا ۔ چاہا کہ اس میں تبدیلی کرے ، ترمیم و تفسیر کرے اس پر چیف جسٹس امیر علی نے جو مشہور مورخ اسلام ہیں ، ان کے معاونین اور دوسرے بہت سے سر برآوردہ زعما نے اس بات پر احتجاج کیا اور مہم چلائی یہاں تک کہ یہ معاملہ پریوی کونسل میں گیا اور مسلمانوں کے حق میں فیصلہ ہوا اور انگریز وقف کے شعبے میں اس طرح مداخلت نہ کر سکے اور نہ قانون اسلام کی روح کو متغیر کر سکے ۔

یہ تفصیل میں نے اس لیے عرض کی ہے کہ تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ پاکستان میں جو وقف کا نظام قائم ہے یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے بلکہ یہ شروع سے چلا آ رہا ہے - عہد رسالت سے لے کر مغل پیریڈ کے ہی زمانے میں اس کی روشن اور شان دار مثالیں ملتی ہیں - اور خود اس وقت جتنے مسلمان ممالک پائے جاتے ہیں ، ہر مسلمان ملک میں اوقاف کا شعبہ موجود ہے اور اوقاف کا محکمہ موجود ہے اور ہر مسلمان حکومت اس کو نہایت اہمیت دیتی ہے -

پاکستان میں اس وقت اوقاف کی یہ صورت ہے کہ یہ چاروں صوبوں کی تحویل میں ہے ہر صوبہ الگ الگ اپنے اپنے اوقاف کے اداروں کی نگرانی کرتا ہے اور انہیں چلاتا ہے لیکن آپ اتفاق کریں گے - جناب چیئرمین ! کہ اوقاف کا محکمہ جس میں خانقاہیں اور مسجدوں کا انتظام سنبھالا جاتا ہے ، اس کی ضرورت پاکستان میں اس لیے پیش آئی کہ خانقاہوں پر جن مجاوروں کا قبضہ تھا اللہ ماشا اللہ انہوں نے خانقاہوں سے جہاں سے اللہ اور رسول کا پیغام پھیلا تھا ، جو تصوف اور طریقت کے سرچشمے تھے ، ان خانقاہوں کو خرافات کا اڈہ بنا دیا اور ان کی ساری آمدنی ان الٹے تللوں پر خرچ ہونے لگی تھی اور اس ملک میں اوقاف کا محکمہ جاری کرنے اور اس کے لیے الگ محکمہ بنانے کی ضرورت محسوس ہوئی لیکن آپ اتفاق کریں گے کہ خانقاہیں اور مسجدیں خواہ وہ کسی بھی علاقے میں ہوں، خواہ بلوچستان کے کسی دور افتادہ علاقے میں واقع ہوں یا درہ خیبر میں واقع ہوں وہ صرف اس علاقے سے متعلقہ نہیں ہیں نہ وہ اولیا اکرام جو تشریف لائے جن کے مزارات ان علاقوں میں مرجع خاص و عام ہیں وہ صرف ان علاقوں کے مرکز عقیدت نہیں ہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ پورے ملک کے عوام ان تمام اولیا اکرام سے محبت رکھتے ہیں جن کی خانقاہیں ، جن کے مزارات اس خطہ وطن میں واقع ہیں اس سلسلے میں یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ حضرت داتا گنج بخش کا تعلق صرف اہل پنجاب سے ہے یا اہل لاہور سے ہے ، ان کا تعلق بلوچستان یا سندھ یا سرحد سے نہیں ہے یا یہ کہ جب وہاں پر حاضری دینے کا موقع آتا ہے تو صرف اہل پنجاب کے لوگ حاضر ہوتے ہیں ان علاقوں کے لوگ اس لیے حاضر نہیں ہوتے کہ وہ ایک صوبے سے متعلق ہو کر رہ گئے ہیں اسی طرح سندھ میں اگر حضرت شہباز قلندر کا مزار واقع ہے تو یہ اس کی دلیل نہیں ہے کہ دوسرے علاقوں کے لوگوں کو ان سے محبت اور عقیدت نہیں ہے مگر بد قسمتی ہو گئی کہ صوبوں کی تحویل میں اوقاف کا محکمہ آ جانے کے بعد صوبے ان کا پیغام اپنے اپنے علاقوں میں محدود کرتے رہے وہ اس طرح محدود ہو گئے ہیں کہ کوئی مرکزی تنظیم ایسی قائم نہیں ہے جو ان کے پیغام کو پورے ملک میں عام کر سکے - اگر حضرت داتا گنج بخش کو کوئی تالیف و تصنیف چھپی یا محکمہ اوقاف نے چھاپی ہے تو وہ صرف پنجاب میں محدود و موثر رہی آپ کی تعلیمات دوسرے علاقوں میں عام نہیں کی جا سکی ہیں کیونکہ سب کچھ صوبوں کے زیر اہتمام ہو رہا تھا یہی حال دوسرے صوبوں میں واقع اولیا اکرام کے مزارات کا ہے پھر ایک علمی دقت یہ پیدا ہوئی کہ بعض صوبوں میں اوقاف کی آمدنی بہت کم ہے جیسا کہ صوبہ سرحد یا بلوچستان ہیں - اور کم آمدنی کی وجہ سے وہ اپنی مسجدوں اور اپنی خانقاہوں کی طرف اتنی توجہ نہیں دے سکے جتنی کہ

[Maulana Kausar Niazi]

انہیں دینی چاہئیے تھی جب کبھی انہیں لکھا گیا ، انہیں کہا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس اوقاف کا بجٹ اتنا کم ہے کہ ہم اس میں کوئی مرمت کا کام نہیں کر سکتے اور نہ ہی نئے منصوبے اوقاف کو فروغ دینے کے لیے ، مضبوط و مستحکم کرنے کے لیے شروع کر سکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر آپ جانتے ہیں کہ پشاور میں مسجد 'مہابت خان' ایک مشہور و معروف مسجد ہے جب ان کو کہا گیا مرمت کے لیے تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس فنڈز بے انتہا کم ہیں جس کی وجہ سے بارہا اس سلسلے میں انہیں امداد دینی پڑی لیکن مرکزی اوقاف کو کوئی آمدنی نہیں ہے اور کوئی فنڈز نہیں ہے اس لیے انہیں ان حصوں یا مدات سے امداد دی جاتی رہے جن کا تعلق ہمارے ترقیاتی بجٹ سے ہے اوقاف کے سلسلے میں ہم کوئی ایسی مد نہیں پا سکتے تھے جس سے ہم ان منصوبوں کی امداد کر سکیں اس سے اب اس مشکل کو ہم سمجھ سکتے ہیں جس وجہ سے پوری طرح خانقاہوں ، مزارات اور مسجدوں کے سلسلے میں مرکزی حکومت کوئی توجہ نہیں دے سکی پھر اور دقت یہ تھی کہ بسا اوقات ایک صوبے میں اوقاف کے سلسلے میں جو پالیسی قائم کی اور وضع کی تو دوسرے صوبے اس سے بالکل مختلف سمت پر اور مختلف لائنوں پر چلتے رہے اور کوئی ایک وحدت پر مبنی پالیسی ملک بھر میں اوقاف کے سلسلے میں قائم نہیں کی جا سکی اس لیے کہ یہ مرکز کی تحویل میں انہیں اسی وجہ کی بناء پر ، اسی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے جس میں آئین کی رو سے مرکز کے اعتبار سے ' مرکزی حکومت پر یہ ذمہ داری عاید کی گئی ہے کہ وہ مسجدوں اور اوقاف کو منضبط کرے اور ان کو مضبوط کرے ۔ مرکزی حکومت نے یہ ضرورت محسوس کی کہ ایک فیڈرل قانون بنایا جائے جس کی رو سے اوقاف کی ایک پالیسی پورے ملک میں قائم ہو اور اوقاف کو مرکزی تنظیم اور ضبط میں لایا جائے اس سے بزرگان دین کے مزارات جو پورے ملک میں واقع ہیں ان کا پیغام پورے ملک میں یکساں طور پر عام کیا جائے اور اوقاف کی آمدنی کو علاقائی تصورات اور لحاظات سے بالا تر ہو کر ، ضرورت کے اعتبار سے کسی بھی حصے کے اوقاف پر خرچ کیا جا سکے ۔

ان وجوہ سے آپ کی خدمت میں جناب والا ! آج یہ بل پیش کیا گیا ہے اور مجھے یاد ہے کہ اگر اپوزیشن کے راہنما جناب شاہ احمد نورانی صاحب یہاں ہوتے تو وہ میری تصدیق کرتے اور جب وہ آئیں گے تو وہ میری تصدیق کریں گے اور خود اپوزیشن اس بات کی قائل تھی اور ایک مذاکرات کی مجلس میں خود اپوزیشن کے راہنماؤں نے اس بات سے کاملاً اتفاق کیا اور جناب وزیراعظم سے کہا کہ اوقاف کی ایک مرکزی تنظیم ہونی چاہیے اور انہیں مرکز کی تحویل میں آنا چاہیے اس مجلس میں جناب شاہ احمد نورانی ، مفتی محمود صاحب اور بعض دوسرے اراکین قومی اسمبلی جن کا تعلق اپوزیشن سے ہے اس مجلس میں موجود تھے بہر حال یہ بات اتنی اہم نہیں ہے میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس کا پس منظر کوئی سیاسی نہیں ہے یہ خالصتاً ایک دینی مسئلہ ہے اور ایک خالص اسلامی اور اصلاحی مسئلہ ہے اور اس کے

پیش نظر ملک کے اندر ان روحانی مراکز کو ٹھیک لائنوں پر مضبوط طریقے سے چلانا پیش نظر ہے اور مجھے امید ہے کہ جس جذبے سے مرکزی حکومت نے یہ بل پیش کیا ہے آپ کا ایوان اسی جذبے کے ساتھ اس کو منظور کرے گا ۔ شکریہ ۔

**Mr. Chairman :** Thank you.

**خواجہ محمد صفدر :** سر ! میں آپ سے یہی درخواست کروں گا کہ اس بحث کو فی الحال ملتوی فرمایا جائے اور کسی آئندہ موقعے پر اس بل پر مزید غور کیا جائے ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب کیا اس کو آپ کے آنے تک ملتوی رکھا جائے یا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی غیر حاضری میں اس کو لے لیا جائے کیونکہ آپ نے جو کہنا تھا وہ تو آپ کہہ چکے ہیں اور آپ کا جو زاویہ نگاہ ہے وہ سب سمجھ چکے ہیں ۔

**مولانا کوثر نیازی :** لاء منسٹر کریں گے ۔

**جناب چیئرمین :** تو میرے خیال میں تمام ممبران ایوان اس بات پر متفق ہیں کہ اگر اس کو ملتوی کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے ۔

Have you no objection, Maulana Sahib ?

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! مگر کب تک ملتوی کیا جائے ؟ مقصد یہ ہے کہ اس بل کو اسی سیشن میں ہم قومی اسمبلی میں پیش کرنا چاہتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** ملتوی کا یہ مطلب ہے کہ بہت جلد ۔

**ملک محمد اختر :** نہیں سر ! Monday کو کر دیجئیے ۔

**Mr. Chairman :** How many days do you require ?

**ملک محمد اختر :** Monday کو کر دیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** سوموار تک ملتوی کر دیں ۔

**جناب چیئرمین :** نہیں مولانا صاحب کی رضا بھی تو ضروری ہے کیونکہ اگر Monday کو ہو جائے ۔

**جناب طاہر محمد خان :** جناب fix نہ کریں کیونکہ یہاں سینٹ میں ہمارے پاس کوئی زیادہ کام اس وقت نہیں ہے ۔

**جناب چیئرمین :** اگر جمعرات کو رکھیں تو خواجہ صاحب آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** سر ! میں نے کہا ہے کہ سوموار تک ضرور پاس کر دیا جائے گا خواہ اس سے قبل بدھ کو ہو یا جمعرات کو ہو ۔

**ملک محمد اختر :** سر ! اس بل کو Thursday کو کر لیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر : وہ تو لاء منسٹر صاحب adjust کر لیں گے اور مجھے ایک دن پہلے بتا دیں کہ بھئی یہ بل لا رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر : کل سر ! پاکستان آرمی بل پاس کرنا ہے وہ اس لیے کہ وہ دو ماہ سے سینٹ کے پاس ہے اور اس میں اسٹینڈنگ کمیٹی نے بھی امنڈمنٹ کی ہیں ۔

جناب چیئرمین : بہر صورت اتوار سے پہلے لے لیں گے ۔
this is the understanding مولانا صاحب ہم جمعرات کو لے لیں گے - آپ کو خواجہ صاحب ؟

خواجہ محمد صفدر : مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : جمعرات ٹھیک ہے yes, it is official day تو ہم جمعرات کو رکھ لیں گے اور میرے خیال میں اسی دن پاس بھی ہو جائے گا ۔

ملک محمد اختر : میں ان سے request کروں گا کہ پاس کر دیں ۔

جناب چیئرمین : اس میں کچھ ہے تو نہیں آپ ٹیکنیکل objection اٹھائیے جتنے اٹھانا چاہتے ہیں ۔

It is not political. This is not a legally motivated or controvertial Bill.

اگر آپ کو کوئی شک ہے تو وہ اور بات ہے ۔

So, the consideration stands deferred to next......?

**Voices :** Thursday.

**Mr. Chairman :** All right, Thursday. What about 9, 10, 11 and 12 ?

ملک محمد اختر : نو دس اگر سینٹر صاحبان کرنا چاہتے ہیں تو ابھی لے لیتے ہیں یا کل لے لیں گے کیونکہ اس کو دو ماہ گزر چکے ہیں اور کل finalise کرنا ضروری ہے جیسے اب آپ چاہیں ہو سکتا ہے ۔

We have some time at our disposal. I think, we can do some work.

**Mr. Chairman :** We can take up one or two items. What is your suggestion, Mr. Deputy Chairman ?

ملک محمد اختر : لیکن کل یہ ختم بھی ہو جائے ۔

خواجہ محمد صفدر : انشاء اللہ ۔

ملک محمد اختر : اگر کل کر لیں گے تو ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین : نہیں وہ طاہر محمد خان صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔

جناب طاہر محمد خان : نہیں خواجہ صاحب نے کہا ہے تو کل ٹھیک ہے ۔

ملک محمد اختر : کل ہم ختم کر لیں گے ۔

جناب طاہر محمد خان : میں نے سوچا تھا کہ ہمارے پاس وقت ہے تو اس پر دو تین تقریریں ہو سکتی ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** کل اور کام نہیں ہے ۔

**ملک محمد اختر :** سر ! کل صرف آرمی بل لیں گے ۔

**جناب چیئرمین :** تو یہ کل کر لیں گے میرے خیال میں اور تو کوئی کام نہیں ہے ۔

**ملک محمد اختر :** ٹھیک ہے باقی ۔ ۔ ۔ ۔

**Mr. Chairman :** So, we adjourn now. We are meeting tomorrow, but we do not know about that.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sitting may be continued.

اس لیے کل شام کو رکھیں رات بارہ بجے تک بیٹھ سکتے ہیں ۔

**راؤ عبدالستار :** (قائد ایوان) نہیں نہیں صبح رکھیں شام کو نہیں ۔

**جناب چیئرمین :** نہیں نہیں کوئی تکلیف نہ ہو اور ان کے ساتھ clash نہ ہو جائے جیسے آج ہونے والا تھا ۔

**ملک محمد اختر :** ٹھیک ہے جیسے آپ چاہیں یا ہاؤس چاہے صبح رکھیں یا شام کو ۔

**Mr. Chairman :** You should know.

**ملک محمد اختر :** سر ! مجھے تو پتہ نہیں ہے ۔

**Mr. Chairman :** Is their any possibility of the present budget of Baluchistan being tagged up tomorrow morning ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I would say it depends upon the speakers.

**Mr. Chairman :** But you might know.

**خواجہ محمد صفدر :** ہو سکتا ہے رات دیر تک جاری رہے چونکہ اسپیکر صاحب کی بات سے جو تاثرات میں نے اخذ کیے ہیں وہ یہ ہیں کہ وہ آج رات ہی کو بحث ختم کریں گے اور اجلاس رات دیر تک جاری رہے گا ۔

**جناب چیئرمین :** فرض کریں اگر آج ختم نہ ہو سکے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** تو پھر ہمیں کل پچھلے پہر کا وقت مقرر کرنا چاہیے ۔

**جناب چیئرمین :** that should be safe کل پچھلے پہر رکھ لیں کتنے بجے احمد وحید صاحب رکھیں کیونکہ یہ ہمیشہ پیچھے سے کہتے ہیں کہ ساڑھے چھ بجے رکھیں ۔

**جناب احمد وحید اختر :** نہیں جناب چیئرمین ! جیسے آپ فرمائیں وہ درست ہے میں ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** ساڑھے پانچ بجے ٹھیک ہے ۔

**جناب احمد وحید اختر :** کل شام کو جی ۔

جناب چیئرمین : کل صبح کے ساڑھے پانچ بجے تو میں رکھ رہا تھا ۔

جناب احمد وحید اختر : ٹھیک ہے جناب چیئرمین! کچھ دوست کہہ رہے ہیں کہ شام کو نہ ہو تو جناب چیئرمین! میں ان کی بھی بات سن رہا ہوں ساڑھے پانچ بجے ٹھیک ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ کو بھی یہ دقت ہے مجھے بھی یہ تکلیف ہے ۔

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین! یہ ہم سے وعدہ کر کے اٹھے تھے اور ہمیں کہہ رہے تھے کہ ساڑھے پانچ بجے سیشن نہ ہو یہ پرسوں ہو evening کو نہ ہو اور جب اٹھ کر کھڑے ہوئے ہیں تو کہہ رہے ہیں کہ ساڑھے پانچ بجے ٹھیک ہے ۔

جناب احمد وحید اختر : نہیں جناب چیئرمین ! یہ ہے کہ اگر آج وہ سٹنگ ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر : آرمی ایکٹ کو پاس کر لو تو ختم کرو ۔

جناب احمد وحید اختر : آج تو نہیں ہو سکتا کیونکہ ساڑھے چھ بجے وہاں بھی meet کرنا ہے ۔

جناب چیئرمین : نہیں نہیں ساڑھے چھ بجے سے ایک منٹ پہلے وہاں پہنچ جائیں گے ۔

جانب احمد وحید اختر : اب دوست چاہیں گے کہ کچھ چائے پانی ہو پھر وہاں جانا ہے تو اس لیے بہت مشکل ہے کہ آرمی والا بل لیا جائے ۔

ملک محمد اختر : سر ! آرمی بل کو کل پاس کرنا ضروری ہے ۔

جناب نبی بخش زہری : جناب کل ساڑھے پانچ بجے ہو معلوم نہیں ہے کہ ہمارے دوست شام کو کیا کرتے ہیں یہ سمجھنے والی بات ہے ۔

جناب احمد وحید اختر : آپ کیا چاہتے ہیں صبح کو ہو ؟

جناب چیئرمین : زہری صاحب کل ساڑھے پانچ بجے رکھ دیں ؟

جناب نبی بخش زہری : جی ہاں ٹھیک ہے صبح شاید پارلیمنٹ کا سیشن ہو ۔

جناب چیئرمین : زہری صاحب کی بات کبھی میں نے نہیں مانی آج تو ضرور مانوں گا ۔

All right, the House stands adjourned to meet tomorrow at 5.30 in the evening.

---

*The House then adjourned to meet again at half-past five of the clock in the evening on Tuesday, 29th June, 1976.*

---